روزنامہ
1913ء سے جاری شدہ
FR-10
الفضل
The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org
ایڈیٹر : عبدالسمیع خان
ہفتہ 4۔اپریل 2015ء 14جمادی الثانی 1436ہجری 4شہادت 1394ہش جلد 65-100 نمبر 77

محنت کی کمائی سے خدا کی راہ میں خرچ

حضرت عثمانؓ میں اپنی حیرت انگیز مالی قربانیوں کے بعد بھی ریا یا فخر کا کوئی شائبہ کبھی پیدا نہ ہوا ایک دفعہ کسی تنگ دست نے آپ کی قربانیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا آپ امیر طبقہ کے لوگ بہت ثواب کما گئے ہو۔ تو حضرت عثمانؓ نے پوچھا کیا تمہیں ہم پر رشک آتا ہے۔ اس نے کہا ہاں۔ فرمانے لگے ''خدا کی قسم! تمہاری محنت کی کمائی سے ایک درہم خرچ کرنا دس ہزار درہم سے بڑھ کر ہے اور تمہارا تھوڑا بھی زیادہ سے بہتر ہے''۔ (کنز العمال جلد 3 صفحہ 320)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت مسیح موعود نے 26 مئی 1892ء کو ایک ضروری اشتہار دیا کہ اس عاجز کا ارادہ ہے کہ اشاعت دین...... کے لئے ایسا احسن انتظام کیا جائے کہ ممالک ہند میں ہر جگہ ہماری طرف سے واعظ و مناظر مقرر ہوں اور بندگان خدا کو دعوت حق کریں۔

اس ضمن میں حضور نے مولانا سید محمد احسن صاحب امروہوی کو پہلا واعظ تجویز فرمایا اور تحریک فرمائی کہ ''ہر ایک ذی مقدرت صاحب ہماری جماعت میں سے دائمی طور پر...... ان کے گزارہ کے لئے حسب استطاعت اپنے کوئی چندہ مقرر کریں اور پھر جو کچھ مقرر ہو بلاتوقف ان کی خدمت میں بھیج دیا کریں۔'' (نشان آسمانی، روحانی خزائن جلد 4۔ص:410)

حضرت مسیح موعود نے فروری 1893ء میں فرمایا:

''اے جماعت مخلصین .... ہمیں اس وقت تین قسم کی جمعیت کی ضرورت ہے جس پر ہمارے کام اشاعت حقائق و معارف دین کا سارا مدار ہے۔ اول یہ کہ ہمارے ہاتھ میں کم سے کم دو پریس ہوں۔ دوئم ایک خوش خط کاپی نویس، سوئم کاغذات۔ ان تینوں مصارف کے لئے اڑھائی سو ماہواری تخمینہ لگایا گیا ہے۔ اب چاہئے کہ ہر ایک دوست اپنے ہمت اور مقدرت بہت جلد بلاتوقف اس چندہ میں شریک ہو اور یہ چندہ ہمیشہ ماہواری طور سے ایک تاریخ مقررہ پر پہنچ جانا چاہئے۔''

(مجموعہ اشتہارات جلد اوّل۔ص:367)

حضرت مسیح موعود نے 17 فروری 1897ء کو بذریعہ اشتہار جماعت مخلصین کو اطلاع دی کہ ''عرصہ ہوا مجھے الہام ہوا تھا کہ اپنے مکان کو وسیع کر کہ لوگ دور دور سے تیرے پاس آئیں گے۔ پشاور سے مدراس تک تو میں نے اس پیشگوئی کو پورا ہوتے دیکھ لیا اب دوبارہ یہی الہام ہوا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ پیشگوئی زیادہ قوت اور کثرت کے ساتھ پوری ہوگی''۔

لہٰذا حضرت اقدس نے قادیان میں ان دنوں تشریف لانے والے مہمانوں کے مشورہ سے تحریک فرمائی کہ مکان اور اس کے ساتھ ایک کنواں بھی تیار کیا جائے جس کا تخمینہ قریباً دو ہزار قرار دیا گیا ہے۔ لہٰذا جہاں تک ممکن ہو یہ چندہ جلد مرکز میں آنا چاہئے۔ اس اشتہار میں حضور نے کپورتھلہ، امروہہ، مدراس، بنگلور، مالیر کوٹلہ، بھیرہ، لاہور، شملہ اور وزیر آباد کے ان مخلصین کی فہرست بھی شائع فرمائی جنہوں نے اس وقت تک اس کار خیر میں حصہ لیا تھا۔ (مجموعہ اشتہارات جلد 2 ص 327)

15۔ستمبر 1897ء کو حضرت مسیح موعود نے قادیان میں جماعت کی طرف سے مڈل سکول کے اجراء کی بذریعہ اشتہار تحریک فرمائی اور اس کا مقصد وحید یہ بیان فرمایا کہ:

''ایک مدرسہ قائم ہو کر بچوں کی تعلیم میں ایسی کتابیں ضروری طور پر لازمی ٹھہرائی جائیں جن کے پڑھنے سے ان کو پتہ لگے کہ (دین حق) کیا شے ہے اور کیا کیا خوبیاں اپنے اندر رکھتا ہے اور جن لوگوں نے (دین حق) پر حملے کئے ہیں وہ حملے کیسے خیانت اور جھوٹ اور بے ایمانی سے بھرے ہوئے ہیں''۔

نیز فرمایا کہ: ''ہر ایک صاحب توفیق اپنے دائمی چندہ سے اطلاع دیوے کہ وہ...... کیا کچھ ماہواری مدد کر سکتا ہے۔ واضح رہے کہ اول بنیاد چندہ کی اخویم مخدومی حکیم نورالدین صاحب نے ڈالی ہے......''۔ ''ہر ایک کو اختیار ہو گا کہ اپنے لڑکے کو قادیان میں تعلیم کے لئے بھیجیں۔ بورڈنگ اور انتظامی امور کی کارروائی فہرست چندہ مرتب ہونے کے بعد شروع ہوگی''۔

(مجموعہ اشتہارات جلد 2 ص 453 تا 455)

وقف زندگی کا اجر

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

رسول اللہ ﷺ کے مبارک زمانہ پر نظر کر کے دیکھیں تو ان کو معلوم ہو کہ کس طرح (دین حق) کی زندگی کیلئے اپنی زندگیاں وقف کی جاتی تھیں۔

یاد رکھو کہ یہ خسارہ کا سودا نہیں ہے، بلکہ بے قیاس نفع کا سودا ہے۔ کاش (۔) کو معلوم ہوتا اور اس تجارت کے مفاد اور منافع پر ان کو اطلاع ملتی جو خدا کے لئے اس کے دین کی خاطر اپنی زندگی وقف کرتا ہے۔ کیا وہ اپنی زندگی کھوتا ہے؟ ہرگز نہیں۔ فلہ اجرہ......(البقرہ:113) اس للّٰہی وقف کا اجر ان کا رب دینے والا ہے یہ وقف ہر قسم کے ہموم وغموم سے نجات اور رہائی بخشنے والا ہے۔

(ملفوظات جلد اول صفحہ 369)

واقفین نو اور دیگر مخلص نوجوان لبیک کہتے ہوئے اپنے آپ کو جامعہ احمدیہ میں داخلہ کیلئے تیار کریں۔ امسال داخلے حسب معمول میٹرک اور ایف اے کے امتحانات کے بعد ہوں گے۔

(مرسلہ: وکیل التعلیم تحریک جدید ربوہ)

پانچ ہزار واقفین عارضی

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نمائندگان شوریٰ 2004 کو وقف عارضی کی طرف توجہ دلاتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں۔

''گزشتہ سالوں میں کئی دفعہ وقف عارضی کی طرف توجہ دلائی گئی ہے لیکن بڑے افسوس کی بات ہے کہ جماعتوں نے اس پر خاطر خواہ توجہ نہیں دی۔ گو اس سال شاید یہ تجویز نہیں ہے۔ لیکن میری ممبران شوریٰ سے درخواست ہے کہ یہ ارادہ کر کے جائیں کہ اس سال ہم نے ربوہ کے علاوہ باہر سے پانچ ہزار واقفین عارضی مہیا کرنے ہیں۔ جو وفود کی شکل میں مختلف جماعتوں میں جائیں۔ ان وفود کی اپنی تربیت بھی ہوگی اور جماعت کی تربیت میں بھی مدد ملے گی۔ اللہ تعالیٰ اس کی توفیق دے۔ آمین۔''

(الفضل 5۔اپریل 2004ء)

(مرسلہ: ایڈیشنل نظارت تعلیم القرآن و وقف عارضی ربوہ)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ...... مطبع: ضیاء الاسلام پریس ...... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ ...... قیمت 5 روپے

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

خطبات امام وقت سوال و جواب کی شکل میں

بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2013ء

خطبہ جمعہ 6 مارچ 2015ء

س: حضور انور نے خطبہ جمعہ کے آغاز پر کون سی آیات کی تلاوت فرمائی؟

ج: ’’اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اور ہر جان یہ نظر رکھے کہ وہ کل کیلئے کیا آگے بھیج رہی ہے۔ اور اللہ کا تقویٰ اختیار کرو یقیناً اللہ اس سے جو تم کرتے ہو ہمیشہ باخبر رہتا ہے۔ اور ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جنہوں نے اللہ کو بھلا دیا تو اللہ نے انہیں خود اپنے آپ سے غافل کر دیا۔ یہی بدکردار لوگ ہیں۔‘‘ (الحشر:19,20)

س: کون سی چیز برائی اور گناہ کی جڑ ہے؟

ج: فرمایا! عموماً دیکھا جاتا ہے کہ ہر برائی اور گناہ کی جڑ ان برائیوں اور گناہوں کو معمولی سمجھتے ہوئے ان سے بچنے کی کوشش نہ کرنا ہے یا ان پر توجہ نہ دینا ہے لیکن یہی بے احتیاطی پھر انسان کو بڑے گناہوں میں مبتلا کر دیتی ہے کیونکہ پھر انسان آہستہ آہستہ نیکیوں کو بھول جاتا ہے، اللہ تعالیٰ کا خوف کم ہو جاتا ہے، تقویٰ سے دوری ہو جاتی ہے، مرنے کے بعد کی زندگی پر کامل ایمان نہیں رہتا۔

س: حضور انور نے سورۃ الحشر آیت 19 اور 20 کی وضاحت میں کیا ارشاد فرمایا؟

ج: فرمایا! ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے اسی طرف مومنوں کی توجہ دلائی ہے کہ صرف آج کی اور اس دنیا کی لہو و لعب کی، دلچسپیوں کی، آراموں اور آسائشوں کی یا عزیزوں رشتہ داروں اور دوستوں سے تعلقات کی فکر نہ کرو بلکہ جو فکر کرنے والی چیز ہے وہ تمہاری کل ہے۔ تمہارا اللہ تعالیٰ پر ایمان کا معیار، اس کا تقویٰ اختیار کرنا۔ مرنے کے بعد کی زندگی اور حساب کتاب پر ایمان تمہاری فکر کا مرکز ہونا چاہئے۔ تمہاری روحانی ترقی اور یہ دعویٰ کہ میں مومن ہوں اسی وقت حقیقی ہوگا جب کل پر نظر ہوگی۔ تمہارا یقینی بے غرض اور سچائی پر مبنی خدا تعالیٰ کی ذات پر ایمان بھی اس وقت اللہ تعالیٰ کی نظر میں حقیقی ہوگا جب اپنے کل کو سامنے رکھتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کی کوشش کروگے اور اس کے حکموں پر عمل کرنے کی کوشش کروگے۔

س: تلاوت کردہ آیات کی تشریح میں حضور انور نے حضرت مسیح موعود کا کون سا اقتباس بیان فرمایا ہے؟

ج: فرمایا! حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ اے ایمان والو! خدا سے ڈرتے رہو اور ہر ایک تم میں سے دیکھتا رہے کہ میں نے اگلے جہان میں کون سا مال بھیجا ہے اور اس خدا سے ڈرو جو کبیر اور علیم ہے اور تمہارے اعمال دیکھ رہا ہے۔ یعنی وہ خوب جاننے والا اور پرکھنے والا ہے اس لئے وہ تمہارے کھوٹے اعمال ہرگز قبول نہیں کرے گا۔ (ست بچن روحانی خزائن جلد 10 صفحہ 225)

اللہ تعالیٰ جو ہمارے دلوں کی پاتال تک نظر رکھنے والا ہے اور اسے ہمارا سب علم ہے اس کو صرف ان باتوں سے دھوکہ نہیں دیا جا سکتا جو سطحی باتیں ہیں بلکہ جیسا کہ حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ وہ کھوٹے کھرے کی تمیز کرتا ہے۔ کھوٹے اعمال وہ قبول نہیں کرے گا۔ پس ایک مومن کے لئے یہ بہت بڑا فکر کا مقام ہے کہ اپنے کل کی فکر کریں جہاں اعمال کا حساب ہونا ہے۔

س: دنیا و آخرت میں کامیابی کا کیا گر بیان ہوا ہے؟

ج: فرمایا! حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں کہ (اللہ تعالیٰ نے) دنیا و عقبیٰ میں کامیابی کا ایک گر بتایا ہے کہ انسان کل کی فکر آج کرے قرآن پاک کی تعلیم **ولتنظر نفس** ...... پر عمل کرنے سے نہ صرف انسان دنیا میں کامران ہوگا بلکہ عقبیٰ میں بھی خدا کے فضل سے سرخرو ہوتا ہے۔ ہم کبھی آخرت کے لئے سرمایۂ حیات جمع نہیں کر سکتے جب تک آج ہی سے اس دارالقرار کیلئے تیاری نہ شروع کر دیں۔ (حقائق الفرقان جلد 4 صفحہ 66)

س: اللہ تعالیٰ نے نکاح میں پڑھی جانے والی آیات میں کن امور کی طرف توجہ دلائی ہے؟

ج: فرمایا! اللہ تعالیٰ نے نکاح کے خطبہ میں پڑھی جانے والی آیات میں مختلف امور کی طرف توجہ دلا کر کہ اپنے رحمی رشتوں کا بھی خیال رکھو اور سچائی اختیار کرو۔ پھر مزید زور دیا کہ اگر کل پر نظر رکھو گے تو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے احکامات پر بھی نظر رہے گی۔ اب اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے بیشمار احکامات ہیں جو عائلی معاملات کو خوبصورت بنانے میں کردار ادا کرتے ہیں۔

س: حضور انور نے گھروں کے سکون اور تربیت اولاد کے حوالہ کیا نصائح فرمائیں؟

ج: فرمایا! اگر وہ گھر جو اپنے یا وہ خاندان جو اپنے گھروں کو چھوٹی چھوٹی باتوں پر برباد کر رہے ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ کے حکموں پر غور کرنے والے اور ان پر عمل کرنے والے بن جائیں تو نہ صرف اپنے گھروں کے سکون کے ضامن ہو جائیں گے اپنے بچوں کی صحیح تربیت اور ان کو تقویٰ پر چلنے کی طرف رہنمائی کرنے والے بھی بن جائیں گے اور ان کی زندگیاں سنوارنے والے بھی بن جائیں گے بلکہ اللہ تعالیٰ کے انعامات اس دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی حاصل کرنے والے بن جائیں گے۔ بچوں کو صحیح راستے دکھانا ماں باپ کا کام ہے اور یہ تبھی ہو سکتا ہے جب ماں باپ اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے احکامات کے مطابق چلانے کی کوشش کرنے والے ہوں۔

س: ہمیں اپنے اندر کس یقین کے پیدا کرنے کی ضرورت ہے؟

ج: فرمایا! یہ یقین ہمیں اپنے اندر پیدا کرنے کی ضرورت ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے ہر عمل کو دیکھ رہا ہے اور پھر اس بات پر بھی یقین کہ وہ ہمارے ہر قسم کے دھوکے فریب چاہے وہ ہم معمولی سمجھ کر تھوڑا سا منافع کمانے کے لئے کر رہے ہیں یا اپنے کام میں سستی دکھا رہے ہیں یا معاہدے کے مطابق جان بوجھ کر کام ختم نہیں کر رہے تو یاد رکھیں ایسی باتیں خدا تعالیٰ کو پسند نہیں۔ اور جب خدا تعالیٰ کو پسند نہیں تو پھر اس کا بدلہ ہوگا اور اس کا بدلہ پھر سزا کی صورت میں ہی ہے۔

س: اللہ تعالیٰ نے مومن کو اپنے کل پر نظر رکھنے کا کہہ کر کس طرف توجہ دلائی ہے؟

ج: فرمایا! مومن کو کل پر نظر رکھنے کا کہہ کر اپنے معمولی گھریلو معاملات سے لے کر اپنے معاشرتی، کاروباری، ملکی بین الاقوامی تمام معاملات پر تقویٰ پر چلنے کی طرف توجہ دلا دی اور جو تقویٰ پر نہیں چلتا پھر وہ اس بات کو بھی ذہن میں رکھے کہ خدا کی پکڑ میں ایسا انسان آئے گا۔ انسان کو یہ نہیں سمجھنا چاہئے کہ دنیاوی معاملات کا دین سے کوئی تعلق نہیں۔ مومن کیلئے تقویٰ پر چلنے کا حکم ہے اور تقویٰ میں تمام دینی اور دنیاوی کاموں کو خدا تعالیٰ کی ہدایات کے مطابق بجا لانا ضروری ہے۔ انسان بعض دفعہ سمجھتا ہے کہ دنیاوی نقصان کی ابتلاء سے بچنے کی کوشش کرے۔ مالی منفعت حاصل کر لوں چاہے جو بھی ذریعہ اپنایا جائے لیکن یاد رکھنا چاہئے کہ کوئی ایسا طریق جس سے دھوکہ دے کر فائدہ حاصل کیا جائے دین سے اور ایمان سے دور لے جانے والا ہے۔

س: حقیقی مومن بننے کے لئے ہمیں کن معیاروں کو اپنانے کی ضرورت ہے؟

ج: فرمایا! ہمیں اس سوچ کے ساتھ اپنے دلوں کو ٹٹولتے رہنا چاہئے اور ہر کام کے انجام پر نظر رکھنی چاہئے کہ خدا تعالیٰ کی میرے ہر کام پر نظر ہے۔ اس معیار کو دیکھنے کے لئے کسی جماعتی یا ذیلی تنظیم کے رپورٹ فارم کو دیکھنے اور اس پر انحصار کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ہر ایک شخص خود اپنے جائزے لے سکتا ہے کہ کیا یہ اس کے معیار ہیں کہ ہر کام کرنے سے پہلے اسے یہ خیال آئے کہ خدا تعالیٰ میرے اس کام کو دیکھ رہا ہے۔ اگر میں نیک نیتی سے اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے یہ کام کر رہا ہوں تو اللہ تعالیٰ کا کئی گنا جزا کا بھی وعدہ ہے اجر کا بھی وعدہ ہے اور اگر نیت بد ہے تو پھر انسان کو یہ سوچنا چاہئے کہ میں اللہ تعالیٰ کی پکڑ میں بھی آ سکتا ہوں۔ پس اپنے دلوں کو ہر وقت صبح شام ٹٹولتے رہنا چاہئے اور شیطان کے حملوں سے نفس کو بچانے کی انتہائی کوشش کی ضرورت ہے۔

س: روحانی بیماری انسان پر کس طرح اثر انداز ہوتی ہے نیز اس سے بچنے کا کیا طریق ہے؟

ج: فرمایا! اس زمانے میں روحانی بیماریاں سب سے زیادہ خطرناک ہیں۔ روحانی بیماریوں کی تو فضا میں بھرمار ہوئی ہوئی ہے اور انسان کو پتا نہیں لگتا کہ کس وقت شیطان ہمارے خون میں چلا گیا ہے اور روحانی بیماری کو بڑھانا شروع کر دیا ہے۔ روحانی بیماری خطرناک اس وجہ سے ہے کہ جب اللہ تعالیٰ سے انسان دور ہٹتا ہے اور شیطان کے حملے کے نیچے آ جاتا ہے تو تب بھی خود کو بیمار محسوس نہیں کرتا بلکہ اپنے آپ کو اچھا ہی سمجھتا ہے لیکن جب اس کے دوستوں، اس کے ہمدردوں کو پتا چلتا ہے کہ یہ بیمار ہے سمجھاتے ہیں اس کو۔ دوستوں کے کہنے پر بھی جو بیماری کی انتہا کو پہنچ جائیں وہ اپنے عزیزوں اور دوستوں کو غلط سمجھتے ہیں وہ سمجھتے ہیں کہ میرے دوست مجھے غلط کہہ رہے ہیں اور خود کو بالکل ٹھیک سمجھتے ہیں۔ پس شیطان کا حملہ روحانی بیماری یا روحانی بیماری جو ہے جسمانی بیماری سے بہت زیادہ خطرناک ہے کیونکہ بسا اوقات اس کے لئے علاج کے انسان تیار نہیں ہوتا۔ دوسرے توجہ دلائیں بھی کہ علاج کروا لو تو اس طرف توجہ نہیں ہوتی۔ پس ایک مومن کو اس سے پہلے کہ بیماری حملہ کرے اپنے جائزے لیتے ہوئے حفظ ماتقدم کے عمل کو شروع کر دینا چاہئے۔

س: حضور انور نے خشیت اللہ اختیار کرنے کی بابت کون سی حدیث بیان فرمائی؟

ج: فرمایا! ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ مومن کبھی اللہ تعالیٰ کی خشیت اور خوف سے خالی نہیں ہوتا اور نہ ہونا چاہئے۔ آنحضرت ﷺ کے متعلق روایات میں آتا ہے کہ آپ جب بھی رات کو اٹھتے تو نہایت عجز اور انکسار سے دعائیں کرتے۔ آپؐ نے فرمایا تھا کہ میرا شیطان مسلمان ہو گیا ہے۔ یعنی کسی روحانی بیماری کے حملہ آور ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا لیکن آپ نے فرمایا کہ میری نجات بھی خدا تعالیٰ کے فضل سے ہے۔ مجھے بھی ہر وقت اس کی طرف جھکے رہنے کی ضرورت ہے۔ پس جب رسول کریم ﷺ اس سب کے باوجود اس قدر خشیت کا اظہار کرتے ہیں تو پھر اور کون ہے جو کہہ سکے کہ مجھے ہر وقت ہر کام میں کل پر نظر رکھنے کی ضرورت نہیں اور کام کر کے پھر اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو تلاش کرنے کی ضرورت نہیں۔ پس ہر وقت ہشیار رہنے کی ضرورت ہے۔ ہر وقت تقویٰ پر چلنے، اپنے جائزے لینے، اللہ تعالیٰ سے اس کا رحم مانگنے اور اپنے ایمان کو بچانے کی ضرورت ہے۔

س: لوگوں کی وہ کون سی تین اقسام ہیں جو خدا تعالیٰ سے دور ہیں؟

ج: فرمایا! انسان خدا تعالیٰ کو تین طریقوں سے بھلاتا ہے یا یہ تین قسم کے لوگ ہیں جو ہمیں عموماً دنیا میں نظر آتے ہیں جو خدا تعالیٰ سے دور ہیں یا دور ہوتے ہیں۔ ایک تو وہ لوگ جو خدا تعالیٰ کے وجود کے انکاری ہیں اور بڑی ڈھٹائی سے کہتے ہیں کہ خدا تعالیٰ کوئی چیز نہیں ہے۔ دوسرے وہ لوگ ہیں جن کو حقیقی

باقی صفحہ 11 پر

مکرم غلام مصباح بلوچ صاحب

رفیق حضرت اقدس مسیح موعود

حضرت سید ضیاء الحق صاحب۔ سونگھڑہ ضلع کٹک

حضرت سید ضیاء الحق صاحب ولد مکرم سید ظہور الحق صاحب بھارتی صوبہ اڑیسہ کے علاقے سونگھڑہ ضلع کٹک کے رہنے والے تھے۔ آپ اغلبًا 1867ء میں پیدا ہوئے، 1901ء میں ایک لمبا سفر کر کے قادیان حاضر ہوئے اور حضرت اقدس کے ہاتھ پر بیعت کر کے سلسلہ عالیہ احمدیہ میں شمولیت اختیار کی اور پھر تادمِ حیات اس عہد بیعت کو نہایت خوش اسلوبی کے ساتھ نبھایا۔ آپ اپنے قبول احمدیت کے بارے میں فرماتے ہیں:

''ہم تین احمدی اشخاص یعنی یہ خاکسار اور اس کے خالہ زاد بھائی سید اکرام الدین صاحب اور ان کے بہنوئی سید نیاز حسین صاحب سونگڑہ سے روانہ ہو کر کلکتہ ہوتے ہوئے قادیان پہنچے۔ جہاں تک یاد ہے 1900ء کے اکتوبر میں (اخبار الحکم میں آپ کی آمد 1901ء کی لکھی ہے۔ ناقل) تعطیل دسہرہ کے دوران میں یہ سفر واقع ہوا مگر تاریخ یاد نہیں۔ ہم تینوں قریباً دس گیارہ بجے دن کو قادیان پہنچے اور اسی دن بوقت نماز ظہر بوساطت مولوی محمد احسن صاحب حضرت مسیح موعود سے (بیت) مبارک میں ملاقات ہوئی اور اسی دن بعد نماز مغرب (بیت) مبارک میں ہم تینوں نے معہ دیگر نو وارد حاضرین بیعت کی۔ ملاقات کے وقت حضور نے جب میرا نام دریافت فرمایا تو میں نے اپنا نام ضیاء الحق کہا اور حضور نے دُہرا کر فرمایا ضیاء الحق۔ حضور نے مولوی محمد احسن صاحب کو فرمایا کہ ان تینوں کو سلسلہ کی کچھ کتابیں پڑھنے کو دی جاویں، خاکسار نے عرض کیا کہ فتح اسلام، توضیح مرام و ازالہ اوہام و اعلام الناس و شمس بازغہ مصنفہ مولوی محمد احسن صاحب وغیرہ پڑھی ہیں۔ تو حضرت مسیح موعود نے خوشی کا اظہار فرمایا۔ حضور نے تاکید کر دی تھی کہ لنگر خانہ میں ہم تینوں اڑیسہ کے مہمانوں کے لئے چاول کا بندوبست کر دیا جاوے۔

ہم قریب سات دن تک قادیان میں ٹھہرے، ہم تینوں ہر روز بعد نماز مغرب حضور کے پیر دبانے والوں میں شریک ہوتے تھے مگر خداموں کی کثرت کی وجہ سے پیر کا کوئی حصہ ملنا دشوار ہو جاتا تھا، حضور کا پیر خوب مضبوط معلوم ہوتا تھا نیز ہر روز صبح بعد ناشتہ حضرت مسیح موعود کے ساتھ سیر میں ہم شریک ہوتے تھے۔ حضور خوب تیز چلتے تھے حتیٰ کہ بعض ہمراہیوں کو دوڑنا پڑتا تھا۔ حضور کے چھتری بردار کا فخر ایک عرب غالبًا مولوی ابوسعید صاحب کو ملتا تھا۔

ایک دن کا ذکر ہے کہ جب حضور سیر سے واپس آکر مکان کے اندر جا رہے تھے تو کسی نے ذکر کر دیا کہ فلاں شخص فلاں اعتراض کرتا ہے، مجھ کو یاد نہیں کہ وہ اعتراض کیا تھا، حضور اندر مکان کو تشریف لیتے لیتے ٹھہر گئے اور آپ کی گفتگو سے معلوم ہوتا تھا کہ آپ بہت جوش کے ساتھ اس اعتراض کی تردید کرتے تھے اور آپ کا چہرہ مبارک سرخ ہو گیا تھا۔ ہر روز بعد نماز مغرب حضور معہ خدام و نو وارد مہمان (بیت) مبارک میں نماز عشاء تک ٹھہرتے تھے اور مختلف خبر و اخبار سنتے رہتے تھے۔ ہم تینوں نہایت آرام و اطمینان کے ساتھ قریب سات دن قادیان دارالامان میں قیام کر کے واپس آگئے۔''

(رجسٹر روایات رفقاء نمبر 3 صفحہ 56)

اخبار الحکم میں آپ کی اور حضرت سید اکرام الدین صاحب (وفات 1920ء) کی کٹک سے قادیان آمد کا ذکر موجود ہے۔ (الحکم 17۔اکتوبر 1901ء صفحہ 16 کالم 1) کٹک کے احباب 22 اکتوبر کو واپس چلے گئے۔ (الحکم 24 اکتوبر 1901ء صفحہ 15 کالم 2) اور اسی ماہ کی فہرست بیعت کنندگان میں آپ کا نام بھی شامل ہے:

''سید ضیاء الحق صاحب گوہالی پور کٹک اڑیسہ''

(الحکم 24 اکتوبر 1901ء صفحہ 16 کالم 2)

آپ کے دل میں دین کی محبت اور خدمت کا بے حد جذبہ تھا، سلسلہ احمدیہ کے لیے غیرت بھی آپ کا خاصہ تھا، 1909ء میں کٹک شہر کے مخالفین نے جماعت احمدیہ کے خلاف جھوٹا پروپیگنڈہ کیا، حضرت سید ضیاء الحق صاحب ان دنوں بوجہ علالت جنرل ہسپتال میں تھے لیکن جب مخالفین کے جھوٹے پروپیگنڈے کا علم ہوا تو آپ نے سلسلہ احمدیہ کی غیرت کی خاطر اسی حالت علالت میں مخالفین کو ایک خط لکھا۔ کٹک کے ایک مخلص احمدی مکرم سید عبدالحلیم کٹکی صاحب اس کی تفصیل میں لکھتے ہیں:

''واضح رہے کہ ضلع کٹک میں جماعت احمدیہ مدت ہوئی خدا کے فضل کے ماتحت ترقی کر رہی ہے اور خدا نے محض اپنے فضل و رحمت سے انہیں ہر موقع پر کامیاب کیا، یہاں بہت سے مباحثے ہوئے لیکن جسے خدا ہدایت نہ دے اُسے کون راستہ بتلا سکتا ہے، سعید روحیں تو ادھر کھنچ گئیں اور باقی اُدھر کی اُدھر رہیں۔ سلسلہ احمدیہ کے مخالفین نے ناخنوں تک زور لگایا کہ کسی طرح جماعت احمدیہ کا شیرازہ بکھیر دیا جائے، برادری تعلقات یک قلم بند کر دیے گئے، شادی و غمی میں شرکت موقوف کر دی...... مباحثے کرائے، گالیاں دیں، پتھر پھینکے، غرض ایڑی چوٹی کا زور لگایا لیکن خدا کا فضل ہمیشہ حق کی طرف رہا......

خاص شہر کٹک میں جماعت احمدیہ کے ایک پُرجوش مخلص احمدی رہتے ہیں جن کا نام مولوی سید ضیاء الحق بی اے ہے جب مسٹر موصوف نے مولوی صاحب (مراد مولوی مکرم علی آف کٹک۔ ناقل) ......کا شہرہ سنا تو اگرچہ کہ وہ جنرل ہسپتال کٹک میں بیمار تھے لیکن اسی حالت میں ایک طول طویل عربی خط لکھ بھیجا......جس کے جواب میں مولوی صاحب نے چند سطور عربیہ میں دیا، لکھا تھا کہ میں تم سے تقریری مباحثہ کرنا چاہتا ہوں۔ بھلا ایک بیمار سے جو آپریشن کی وجہ سے ہسپتال سے باہر نہیں جا سکتا، آپ تقریری مباحثہ کی درخواست کرتے ہیں۔ اور جب ادھر سے عذر معقول لکھ کر بھیجا گیا تو فرماتے کیا ہیں کہ ہم نے شکست دی۔ اس خبر کو سن کر مسٹر ضیاء الحق صاحب کو تاب نہ رہی، اسی کرب کی حالت میں اُن کے پاس گئے......

غرض مولوی غلام مصطفیٰ اور مسٹر ضیاء الحق صاحب سے ''مُتوفیك'' پر بحث ہوئی......''

(بدر 17 جون 1909ء صفحہ 7,8)

غیر احمدیوں کے پروپیگنڈہ کو دیکھ کر آپ کا بیماری کے باوجود مباحثے کے لئے آنا آپ کی غیرت اور محبت سلسلہ کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ دین کی محبت ہی تھی کہ آپ نے کٹک میں احمدیہ بیت الذکر کے لیے اپنی زمین سے ایک حصہ وقف کر دیا، اس کی خبر دیتے ہوئے مکرم سید گوہر علی صاحب جنرل سیکرٹری جماعت احمدیہ کٹک لکھتے ہیں:

''کٹک میں (بیت) احمدیہ کے نہ ہونے سے جو تکلیفیں تھیں خدا تعالیٰ نے ان کو رفع کرنے کے سامان پیدا فرما دیے۔ 29۔ستمبر کے ہفتہ وار جلسہ میں جبکہ یہ تجویز پیش ہوئی کہ جہاں تک جلد ہو سکے (بیت) احمدیہ تعمیر کی جائے اور ایک قطعہ اراضی کی یافت کے متعلق بحث ہو رہی تھی تو دوران بحث میں ہمارے معزز بھائی مولوی سید ضیاء الحق صاحب نے جو دریا دلی و عالی حوصلگی میں ہماری جماعت اوڑیسہ میں بے مثل و بے نظیر آدمی ہیں، نہایت اخلاص کے ساتھ اپنی مملوکہ زمین کا ایک قطعہ (بیت) احمدیہ کٹک کے لئے پیش کر دیا چنانچہ مولوی صاحب موصوف نے 40×40 فٹ زمین کے واسطے وقف کر دینے کا پکا وعدہ کیا اور آج سر زمین پر جا کر بحاضری جمیع احباب اس زمین مذکورہ کو ناپ دیا اور برادرم مولوی سید محمد زاہد صاحب کو وثیقہ کی تیاری و رجسٹری وغیرہ کرنے کی ہدایت کی اور جماعت کے چند احباب کو جلد کام شروع کرنے کے لئے تاکید فرمائی۔

(الفضل 8۔اکتوبر 1926ء صفحہ 7 کالم 1)

حضرت سید ضیاء الحق صاحب ایک لمبا عرصہ جماعت احمدیہ کٹک کے امیر رہے اور سلسلہ احمدیہ کی خدمت کا ایک طویل زمانہ پا کر بالآخر 31۔دسمبر 1946ء کو بعمر تقریباً 76 سال مولیٰ حقیقی کے حضور حاضر ہو گئے اور کٹک کے علاقہ جیرام پور میں دفن ہوئے، آپ چونکہ موصی (وصیت نمبر 4627) تھے لہٰذا یادگاری کتبہ بہشتی مقبرہ قادیان میں لگا ہوا ہے۔ آپ کی وفات پر احمدیان کٹک نے درج ذیل اطلاع مرکز بھجوائی:

مرحوم موصی و (رفیق) تھے اور نہایت مخلص و مستعد کارکن، سلسلہ کے لئے اپنا سب کچھ وقف رکھتے تھے۔ آپ کا انتقال 31۔دسمبر 1946ء کو ہوا۔ اللہ تعالیٰ غریق رحمت کرے۔''

(الفضل 20 جنوری 1947ء صفحہ 2 کالم 2)

آپ کی وفات پر مکرم سید محمد موسیٰ صاحب کٹکی متعلم جامعہ احمدیہ قادیان نے آپ کے مختصر حالات زندگی دیتے ہوئے لکھا:

''آپ نے اپنی زندگی میں (دعوت الی اللہ) کے بڑے بڑے کام سرانجام دیے اور آپ کی جدوجہد کے باعث اڑیسہ کے بعض مقامات پر احمدیت قائم ہوئی۔ آپ ملازمت کے دوران میں بھی (دعوت الی اللہ) کثرت سے کیا کرتے جس کے سبب آپ کے خلاف رپورٹ گورنر تک پہنچائی گئی اور آخر میں ملازمت سے برطرف بھی ہونا پڑا مگر آپ نے (دعوت الی اللہ) کے کام کو نہ چھوڑا، خدا کی شان کہ پھر سے وہی ملازمت آپ کو مل گئی۔

آپ میں (دعوت الی اللہ) کا ایک خاص جوش پایا جاتا تھا اور جماعت کے ہر کام میں پیش پیش رہا کرتے تھے، آپ کے سبب سے اڑیسہ میں متعدد صوبائی کانفرنسیں ہوئیں اور (مربیان) سلسلہ کو مرکز سے منگوانے اور کانفرنس کے کام کو سرانجام دینے میں آپ بلند حوصلگی، کشادہ دل کے ساتھ حصہ لیتے رہے۔ حضور کے ہر ارشاد پر لبیک کہتے ہوئے اپنا قدم ہمیشہ آگے ہی رکھا، تحریک جدید دور اول میں آپ نے نمایاں طور پر حصہ لیا اور پورا دس سال کا شاندار وعدہ جو مبلغ بارہ سو دس روپیہ پر مشتمل تھا، اس کو پورا کیا۔ اسی طرح کالج فنڈ، چندہ منارۃ المسیح ہال اور چندہ تراجم قرآن کریم وغیرہ غرضیکہ ہر ہنگامی چندہ میں بھی آپ نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ آپ موصی بھی تھے اس لئے اپنی زندگی میں آمد حصہ جائیداد بھی ادا کر چکے تھے، اسی طرح آپ نے ایک دفعہ یک مشت چندہ وصیت مبلغ چودہ سو روپیہ ادا کیا۔ دوران ملازمت میں جب آپ کٹک صدر کو گئے تو جماعت کے لیے حکام سے مل کر ایک ٹکڑہ زمین مقبرہ کے لئے حاصل کیا اور اسی مقبرہ میں ایک تدفین کے موقعہ پر مخالفوں کا ایک کثیر ہجوم مسلح ہو کر مقبرہ پر چڑھ آیا اور چاہتا تھا کہ خواہ کچھ بھی ہو جائے احمدی کو اس میں دفن ہونے نہ دیں گے اور تمام قبر

کھودنے والوں کو بھی روک دیا، جب آپ کو اس کا علم ہوا تو آپ برسر بازار قبر کھودنے کے سامان ہاتھ میں لے کر چند احمدیوں کے ساتھ مقبرہ کی طرف چل پڑے اور ڈپٹی کمشنر کو اطلاع دی کہ جلد ان ظالموں کا تدارک کریں چنانچہ ڈپٹی کمشنر جو آپ کے اثر ورسوخ سے بخوبی واقف تھا فوراً وہاں جا پہنچا اور گولی چلانے کی دھمکی دی تو تمام میدان صاف ہوگیا۔ مزدور نہ ملنے کے باعث آپ نے قبر کھودنی شروع کی، اس طرح اس کام کو خیر وخوبی کے ساتھ انجام دیا۔

1935ء میں مخالفوں نے جماعت احمدیہ سونگھڑہ پر شدت کی مخالفت شروع کی جس کا آپ نے دلیری کے ساتھ مقابلہ کیا اور جماعت کے وقار کو قائم رکھا۔ پھر 1940ء میں اسی جماعت پر ایک مخالفت کا طوفان اٹھا۔ جس کا مقابلہ آپ نے بہادری کے ساتھ کیا۔ اسی طرح پھر ایک مخالفت کا طوفان 1945ء میں نہایت ہی منظّم طور پر اٹھا اور ظالموں نے آپ کو قتل کرنے کے منصوبے بھی کیئے چنانچہ مخالفوں کے ایک جم غفیر نے شام کے وقت اینٹ پتھر اور لاٹھی سے آراستہ ہو کر آپ کے مکان پر حملہ کیا، ایسے وقت میں جبکہ وہ لوگ آپ کے مکان پر خشت باری کر رہے تھے آپ نے ان کو مخاطب کر کے کہا تم آخر کیا چاہتے ہو؟ جس کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہم آپ کا خون چاہتے ہیں، چونکہ آپ چلنے پھرنے سے معذور تھے تاہم ان کا جواب سن کر آپ کے دل میں ایک جوش پیدا ہوا اور جوانی کی سی لہر دوڑ گئی اور آپ نے کہا کہ ہاں میں بھی تو خون ہی ہونا چاہتا ہوں مگر افسوس کہ نہ یہ میری قسمت میں ہے اور نہ ہی تم میں جرأت ہے۔

مرحوم پہلی دفعہ غالباً 1901ء یا 1902ء میں قادیان تشریف لائے اور کافی دیر تک دیار محبوب میں ٹھہرے اور حضرت مسیح موعود کی صحبت میں رہنے کا موقعہ ملا۔

آپ نے کئی دفعہ دیار محبوب کی زیارت کی، آخری زیارت حضرت (خلیفۃ المسیح الثانی) کی پچیس سالہ جوبلی پر تھی، اس کے بعد آپ چلنے پھرنے سے معذور ہوگئے مگر ہمیشہ تمنا رکھتے کہ پھر ایک دفعہ دیار محبوب کی زیارت نصیب ہو اور حضور کے دعویٰ مصلح موعود کے بعد یہ خواہش اور بھی بہت زیادہ موجزن ہوگئی مگر افسوس کہ زندگی نے وفا نہ کی اور مولیٰ حقیقی نے آپ کو اپنی زیارت کے لئے بلا لیا۔ آپ کی عہد امارت میں خدام الاحمدیہ کا انعامی جھنڈا اڑیسہ کی جماعت خدام الاحمدیہ کو ملا، یہ آپ کی ہی قوت قدسیہ کا نتیجہ تھا اور حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے آپ ہی کے ہاتھ میں یہ جھنڈا جوبلی کے موقع پر عنایت فرمایا تھا۔ آپ گریجوایٹ ہونے کے باوجود عربی، فارسی، اڑیا، اردو میں کافی قابلیت رکھتے تھے اور مولویوں سے کئی مناظرے بھی کر چکے تھے۔

آپ کیا بلحاظ علمیت، کیا بلحاظ قابلیت، کیا بلحاظ سیاست اور کیا بلحاظ روحانیت غرضیکہ ہر فن میں بہت خوبیاں رکھتے تھے۔ منکسر المزاج، خوش اخلاق ہونے کے علاوہ آپ بڑے مہمان نواز بھی تھے اور مومنانہ غیرت بھی بے اندازہ رکھتے تھے۔

آپ جب گورنمنٹ سروس سے ریٹائر ہو کر واپس آئے تو (دعوت الی اللہ کے) جلسوں اور کانفرنسوں اور جماعت کے نظام کو قائم رکھنے میں بڑی تندہی سے کام کیا چونکہ مرحوم کی کوئی اولاد نہ تھی اس لئے اپنی بیوی کی ہمشیرہ زادی کو اپنے گھر میں بچپن سے پال رکھا تھا جس کی عاجز سے شادی کر کے عاجز کو بھی اپنے ساتھ ہی رکھ لیا مگر جب عاجز نے اپنی زندگی خدمت دین کے لئے وقف کی تو آپ نے خوشی خوشی حضور کے بلاوے پر عاجز کو قادیان روانہ کر دیا اور آخری نصیحت آپ نے عاجز کو یہ کی کہ پہلے علم حاصل کرو جیسا کہ حضرت صاحب چاہتے ہیں اس کے بعد ریاضت ہے، عاجز جب مرحوم کی علالت کی خبر پا کر گھر خط لکھتا تو اس کے جواب میں تحریر فرماتے کہ حضرت صاحب نے جس کام کے لئے تم کو بلایا ہے وہ بڑا اہم کام ہے اسی کو مدنظر رکھو اور ہمارا خیال چھوڑ دو، ہماری محبت اور علالت کو دل سے بھلا دو......''

(الفضل یکم فروری 1947ء صفحہ 5)

مکرم قریشی محمد حنیف قمر صاحب نے آپ کا ذکر خیر کرتے ہوئے لکھا:

''مولوی صاحب موصوف سلسلہ عالیہ احمدیہ کے ایک پُر جوش مخلص اور مشہور رکن اور خادم ہونے کے علاوہ اس عاجز کے خاص محسن اور مہربان بھی تھے، میں نے آپ کی زندگی کو قریباً بیس سال تک مطالعہ کیا اور دیکھا کہ آپ احمدیت کے ایک خاص خادم اور شیدائی اور صحیح نمونہ ہیں۔ 1927ء میں جب یہ عاجز موضع کیرنگ کی مدرسی کے لیے مرکز سے بھیجا گیا اور وہاں پر پہنچ کر بعض وجوہ سے واپس قادیان آنے کے لیے تیار ہوا تو جناب مولوی صاحب موصوف نے ہی مجھے کٹک میں باصرار ٹھہرا لیا اور پھر سونگھڑہ کے سالانہ جلسہ میں بطور لوکل (مربی) کے مجھے کام پر لگانے کا فیصلہ کیا اور پھر جب چھ ماہ بعد میں اڑیسہ سے واپس قادیان آنے لگا تو شہر کندرا پاڑا میں جانے اور (دعوت الی اللہ) کرنے کی مجھے خاص فرمائش کی چنانچہ یہ عاجز ان کی تحریک پر وہاں گیا اور پھر وہیں پر مستقل مرکز بنا کر اڑیسہ میں قریباً سات سال متواتر (دعوت الی اللہ) کرتا رہا اور وہاں پر میری شادی کا باعث بھی جناب مولوی صاحب ہی کی ذات تھی کیونکہ یہاں پر جماعت احمدیہ انہی کی (دعوت الی اللہ) سے قائم ہوئی تھی اور وہ چاہتے تھے کہ یہ جماعت مزید ترقی کرے۔ میری شادی کے بعد کئی بار میری درخواست پر کندرا پاڑا تشریف لے گئے اور معائنہ کر کے خوش ہوئے چنانچہ ایک بار جناب مولوی عبدالغفور صاحب مربی سلسلہ عالیہ کے اڑیسہ تشریف لے جانے پر کندرا پاڑا میں ایک مناظرہ کے متعلق بات چیت شروع ہوئی تو بڑے زور سے تائید کی بلکہ خود شامل ہو کر اپنی صدارت میں مناظرہ کرایا جس کے نتیجہ میں جناب مولوی سید محمد شمیم صاحب ہیڈ مولوی ہائی سکول کندرا پاڑا احمدی ہوگئے۔

حضرت مسیح موعود کی کتب اور ملفوظات کے اتنے شیدائی تھے کہ باقاعدہ احمدیہ لائبریری رکھنے کے علاوہ ایک بار خواہش کر کے اپنے دیوان خانہ کی دیواروں پر پختہ رنگوں سے حضرت مسیح موعود کے الہامات اور فارسی اور اردو اشعار مجھ سے خوشخط لکھوائے، ایک مہینہ تک یہ عاجز لکھتا رہا جو کہ آج تک بطور یادگار قائم ہیں اور ہر ایک ان سے ملنے والا ملفوظات کو پڑھ کر فیض حاصل کرتا اور آپ خود بھی دیکھ کر بہت خوش ہوتے۔

1928ء میں جب آپ کٹک کے ایک ٹریننگ سکول کے ہیڈ ماسٹر تھے تو آپ کے مکان پر حضرت ڈاکٹر مفتی محمد صادق صاحب سیلون سے واپسی پر کٹک اترے تو اس قدر خوش ہوئے کہ پھولے نہ سماتے تھے اور فوراً جماعت کے ایک فوٹو کا انتظام کیا تا کہ حضرت مفتی صاحب کی آمد کی یادگار رہے۔

قرآن کریم کا درس دیتے تو ایسی عمدگی سے بیان فرماتے اور محنت سے تفسیر کرتے کہ قادیان شریف کے درسوں کا نظارہ سامنے آجاتا۔ آپ کے دستر خوان پر مہمانوں کی کثرت رہتی تھی مگر مہمانوں کے استقبال اور ان کی خدمت کے لیے ان کے استقلال میں کبھی فرق نہ آتا، اپنے اور بیگانے سے ایسی منکسر المزاجی، خوش خلقی اور ہمدردی سے پیش آتے تھے کہ وہ آپ کے اخلاق کی تعریف کیے بغیر نہ رہ سکتا تھا۔ جماعت کے مساکین اور بیوگان کی خبر گیری اور امداد میں آپ کا مال اور وقت ہر دم وقف تھا، ان کے لیے آپ بمنزلہ مہربان ماں باپ کے تھے......

اڑیسہ کے طول وعرض میں جہاں بھی یہ عاجز (دعوت الی اللہ) کے لیے گیا وہاں ہی مدرسین و دیگر معززین نے اول مولوی صاحب کا حال پوچھا اور تعلیم یافتہ لوگ آپ کی تعریف میں رطب اللسان پائے......''

(الفضل 17 فروری 1947ء صفحہ 5)

آپ کی اہلیہ کا نام محترمہ امۃ الرحمٰن صاحبہ تھا، (ریویو آف ریلیجنز مئی 1941ء صفحہ 47) وہ بھی ایک نیک اور مخلص خاتون تھیں۔ آپ کی کوئی اولاد نہیں تھی۔

☆............☆............☆

پاکستان رائٹرز گلڈ

پاکستان کے ادبی اداروں میں پاکستان رائٹرز گلڈ کا نام بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ اس ادارے کا قیام 30 جنوری 1959ء کو کراچی میں عمل میں آیا اور بابائے اردو مولوی عبدالحق اس کے پہلے رکن بنے۔

پاکستان رائٹرز گلڈ کے قیام کے وقت اس کے اغراض ومقاصد یہ بتائے گئے تھے۔

(1) ایسے حالات و اسباب کے فروغ کا اہتمام کرنا جو خیالات کے آزادانہ اظہار و ابلاغ کے ضامن ہیں۔

(2) لکھنے والوں کے مفادات کو بحیثیت طبقہ تحفظ دینا تاکہ وہ پاکستانی ادب میں خدمات آزادی سے اور بلاخوف وخطر پیش کریں۔

(3) ارکان گلڈ کو ادبی تخلیقات کی اشاعت کے سلسلے میں مطلوبہ امداد اور سہولت مہیا کرنا۔

(4) پاکستانی تصانیف کو دنیا بھر میں متعارف کرانے کی غرض سے پاکستانی ادبی تخلیقات کی بیرون ملک طباعت و اشاعت کا اہتمام کرنا۔

(5) ارکان پر مشتمل ادبی وفود کو غیر ممالک میں بھجوانے کا اہتمام کرنا۔

(6) کاپی رائٹ ایکٹ یا متعلقہ قانونی دفعات ایسی ترمیمات کی سفارش کرنا اور انہیں نافذ کروانا جن سے ادبی کاوشوں اور سرگرمیوں کے لئے حق الخدمت کو معاوضے کے طور پر مصنفوں کو حاصل ہونے والے مالی مفادات کو مکمل قانونی تحفظ مل سکے اور انہیں اظہار خیال کی مکمل آزادی کی ضمانت حاصل ہو سکے۔

(7) (الف) اسی قسم کے دیگر بین الاقوامی اداروں کے ساتھ الحاق قائم کرنا بشرطیکہ وہ ادارے سیاسی بنیاد پر قائم نہ ہوں اور وہ کسی طرح پاکستان کے قومی مفادات سے متصادم نہ ہوں (ب) ملک کے دوسرے ادبی اور ثقافتی اداروں کو اپنے ساتھ ملانا اور حسب ضرورت ان کی مالی اعانت کرنا۔

(8) گلڈ کے وسائل یا دیگر ذرائع سے ضرورت مند ادیبوں یا ان کے کنبوں کو مالی امداد مہیا کرنا۔

جب ان اغراض ومقاصد کے ساتھ پاکستان رائٹرز گلڈ کا قیام عمل میں آیا تو ان کی بڑی پذیرائی ہوئی۔ پاکستان کے طول وعرض کے تقریباً سبھی معتبر ادیب اور شاعر اس ادارے کے رکن بنے۔ رائٹرز گلڈ کے زیر اہتمام متعدد ادبی انعامات کا آغاز بھی ہوا۔ جو ملک کے سب سے بڑے اور سب سے اہم ادبی انعام قرار پائے۔

☆............☆............☆

مکرم حافظ سید شاہد احمد صاحب

جماعت احمدیہ نائیجیریا کا 63واں جلسہ سالانہ 2014ء

خدا کے فضل سے جماعت احمدیہ نائیجیریا کو 63واں جلسہ سالانہ 26 تا 28 دسمبر 2014ء کو بمقام جامعہ احمدیہ، الارو نائیجیریا منعقد کرنے کی توفیق ملی۔

پہلا دن

26 دسمبر 2014ء کو دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔ بعد نماز فجر معلم عبدالفتاح ایڈوں صاحب نے دعا کی اہمیت پر درس قرآن کریم دیا۔ اس کے بعد جلسہ کی تیاری اور ناشتہ کا انتظام تھا۔

تربیت سیمینار:

صبح ساڑھے 10 بجے تربیت سیمینار کا آغاز ہوا۔ جس کی صدارت مکرم عبدالخالق نیر صاحب مشنری انچارج نائیجیریا نے کی۔ تلاوت قرآن کریم اور قصیدہ کے بعد صدر مجلس نے ابتدائی کلمات کہے۔ پہلی تقریر مکرم اے۔ ایف۔ کے آوپیبن صاحب نے اور دوسری تقریر مکرم ندیم احمد وسیم صاحب مربی سلسلہ نے کی۔ اس کے بعد حاضرین نے مقررین سے سوالات کئے اور مقررین نے ان سوالات کے جوابات دیئے۔ آخر پر صدر مجلس نے دعا کروائی اور یہ پروگرام اپنے اختتام کو پہنچا۔

نماز جمعہ و نماز عصر محترم الحاجی ڈاکٹر مشہود۔ اے۔ فشولا صاحب امیر جماعت احمدیہ نائیجیریا نے جمع کر کے پڑھائیں۔ اس کے بعد کھانے کا انتظام تھا۔

شام ساڑھے 4 بجے جلسہ سالانہ کے پہلے اجلاس کی کارروائی کا آغاز ہوا۔ اس اجلاس کی صدارت امیر جماعت احمدیہ نائیجیریا نے کی۔ اس اجلاس سے قبل لوائے احمدیت مکرم عبدالخالق نیر صاحب مربی انچارج نائیجیریا اور نائیجیریا کا قومی پرچم مکرم امیر صاحب نائیجیریا نے لہرایا۔ جلسہ کی کارروائی کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔

نظم کے بعد جنرل سیکرٹری صاحب نائیجیریا مکرم عباس اروبینی صاحب نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا پیغام پڑھ کر سنایا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنا جو پیغام احباب جماعت احمدیہ نائیجیریا کو بھجوایا اس کا خلاصہ اس طرح ہے کہ

''مجھے اس بات کی خوشی ہے کہ جماعت احمدیہ نائیجیریا اپنا جلسہ سالانہ منعقد کرنے کی توفیق پا رہی ہے۔ اس موقعہ کی مناسبت سے میں آپ کی توجہ اپنے اس خطبہ کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں جس میں میں نے جماعت احمدیہ عالمگیر کو اپنے محاسبہ کی طرف توجہ دلائی تھی کہ وہ اس محاسبہ کے ذریعہ اپنے اندر پاک تبدیلیاں لانے والے ہوں اور تقویٰ اختیار کرتے ہوئے دنیا میں مثالی مومنوں کی صف میں شامل ہونے والے ہوں۔''

''جماعت کے سب احباب کو ہمیشہ حضرت اقدس مسیح موعود کے ارشادات کے مطابق اپنی زندگیاں گزارنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ کیونکہ آپ ہی ہیں جنہوں نے حضرت اقدس محمد مصطفیٰ ﷺ کے تمام احکامات تفصیل سے ہمارے لئے بیان فرمائے ہیں۔ اس لئے اس جلسہ کے دنوں میں آپ میں ایک پاک تبدیلی آنی چاہئے۔ نیز یہ محاسبہ بھی ہونا چاہئے کہ کیا حضرت اقدس مسیح موعود جو پاک تبدیلی ہم میں دیکھنا چاہتے تھے وہ اس جلسہ کی وجہ سے ہم میں رونما ہوئی ہے یا نہیں۔''

''جھوٹ سے اجتناب کریں اور دینی امور پر دنیاوی امور حاوی نہ ہونے پائیں۔ اپنے ماں باپ کا ادب کریں اور ہر ایک امر میں جو دینی احکام کے خلاف نہ ہو ان کی اطاعت کریں۔ آپ سب کا اپنے اہل وعیال سے مثالی تعلق ہونا چاہئے، میاں بیوی کے تعلقات ہر آن شرائط بیعت کی پاسداری کرتے ہوئے گزرنے چاہئیں۔ دنیاوی معاملات میں بھی میل جول اچھا ہونا چاہئے۔ غیبت سے پرہیز کریں۔''

''میں آپ کو یہ بھی کہنا چاہتا ہوں میرے خطبات اور خطابات کو باقاعدگی سے سنا کریں اس سے آپ کا خلافت سے تعلق مضبوط ہوگا۔ نیز اپنی اولادوں کو بھی اس بارے میں بتایا کریں تا ان کا بھی خلافت سے سچا اور پکا تعلق قائم ہو۔ کیونکہ فی زمانہ خلافت سے تعلق سے ہی انسان کامیابی پا سکتا ہے۔''

''(دعوت الی اللہ) پر توجہ دیں۔ کیونکہ اس وقت ہم (دعوت الی اللہ) کے ذریعہ سے بھی لوگوں کے دلوں کو جیت سکتے ہیں اور (دعوت الی اللہ) میں آپ کا اپنا نمونہ سب سے اہم ہے۔ اس لئے اپنے نمونوں کو مثالی بنائیں تا لوگ اس پاک تبدیلی کی وجہ سے جو آپ میں پیدا ہوئی ہے اس طرف آئیں۔''

نیز حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے تحریری پیغام کے آخر میں احباب جماعت کو فرمایا کہ

''اس وقت دنیا میں بہت فساد برپا ہے۔ اس سے بچنے کے لئے بھی میں آپ کی توجہ دعا کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں کہ ان ایام میں خاص طور سے دعاؤں پر توجہ دیں۔ خدا تعالیٰ جلد ساری دنیا میں جماعتی حالات بہتر کر دے۔ خدا تعالیٰ ہر آن آپ سب کا حامی وناصر ہو۔ آمین''

اس پیغام کا مکمل ترجمہ ہاؤسا اور یوروبا زبانوں میں بھی کر کے حاضرین کو سنایا گیا۔ اس کے بعد صدر مجلس نے ابتدائی کلمات کہے۔ جس میں صدر مجلس نے جلسہ سالانہ کے اغراض ومقاصد کی بابت حاضرین کو بتایا۔ اس اجلاس میں ایک تقریر تھی جو مکرم عبدالعظیم صاحب مربی سلسلہ نے کی جس کا عنوان ''Khilafat and Global Peace.'' تھا۔ اس تقریر کا خلاصہ دو مقامی زبانوں ہاؤسا اور یوروبا میں بھی کیا گیا۔

اس کے بعد صدر مجلس نے اختتامی کلمات کہے اور دعا کروائی اور یہ اجلاس اپنے اختتام کو پہنچا۔

جلسہ سالانہ کا دوسرا دن

صبح 10 بجے جلسہ کی کارروائی کا باقاعدہ آغاز ہوا۔ اس اجلاس کی صدارت مکرم امیر صاحب نائیجیریا نے کی۔ معزز مہمانان کرام کا تعارف کروایا گیا اور انہیں سٹیج پر آنے کی دعوت دی گئی۔

اس اجلاس کی کارروائی کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ اس کے بعد عربی قصیدہ پڑھا گیا اور نظم کے بعد صدر مجلس نے ابتدائی کلمات کہے۔

اس اجلاس میں دو تقاریر ہوئیں۔ پہلی تقریر مکرم ڈاکٹر سعید تہیمی صاحب نیشنل سیکرٹری دعوۃ الی اللہ نائیجیریا نے کی۔ جس کا عنوان تھا ''Politics, Social Justice and Global Peace The Dilemma of Religion.'' اس کے بعد دوسری تقریر مکرم امیر صاحب نائیجیریا نے کی جس کا عنوان تھا ''Social Justice and Sustainable Development.'' ہر دو تقاریر کا مقامی زبانوں ہاؤسا اور یوروبا میں ترجمہ بھی پیش کیا گیا۔

اس کے بعد معزز مہمانان نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار فرمایا۔ اس اجلاس میں لیگوس (Lagos State) سٹیٹ۔ اویو (Oyo State) سٹیٹ، کوار سٹیٹ سے شریعہ کورٹ آف الورین کے گرینڈ قاضی مکرم جسٹس ایس۔ او۔ محمد صاحب اور اوگوں (Ogun State) کے گورنرز کے نمائندوں کے علاوہ مختلف مسالک کے چیف ائمہ کرام اور حکومتی افسران نے شرکت کی۔

اس کے بعد صدر مجلس نے سب معزز مہمانان کرام کا شکریہ ادا کیا۔ اس کے بعد شریعہ کورٹ آف الورین کے گرینڈ قاضی مکرم جسٹس ایس۔ او۔ محمد صاحب نے اختتامی دعا کروائی اور اجلاس اپنے اختتام کو پہنچا۔

اس کے بعد کھانے کا وقفہ ہوا۔ اسی دوران معزز مہمانوں نے جماعت احمدیہ کی طرف سے لگائی گئی نمائش کا معائنہ کیا بعد ازاں مہمانوں کے اعزاز میں الگ مارکی میں کھانے کا انتظام کیا گیا تھا۔

دوپہر اڑھائی بجے نماز ظہر وعصر جمع کر کے ادا کی گئیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد نکاحوں کے اعلانات مکرم مشنری انچارج نائیجیریا نے کئے۔

دوسرے دن کا دوسرا اجلاس

شام ساڑھے 4 بجے دوسرے دن کے دوسرے اجلاس کی کارروائی کا آغاز ہوا۔ اس کی صدارت مکرم عیسیٰ احمد صاحب صدر جماعت کیمرون نے کی۔ اس اجلاس کی کارروائی کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ قصیدہ کے بعد صدر مجلس نے ابتدائی کلمات کہے۔ اس اجلاس میں ایک تقریر ہوئی۔ جو مکرم عبداللطیف بصاری صاحب نے کی جس کا عنوان تھا "Democracy, Good Governance and The Nigerian People in 2015 - our Responsibility."

اس تقریر کا بھی مقامی زبانوں ہاؤسا اور یوروبا میں ترجمہ بھی پیش کیا گیا۔

اس کے بعد صدر مجلس نے اپنے اختتامی کلمات کہے اور اختتامی دعا کروائی اور اجلاس اپنے اختتام کو پہنچا۔ رات ساڑھے سات بجے نماز مغرب وعشاء جمع کر کے ادا کی گئیں۔ اس کے بعد کھانے کا وقفہ ہوا۔ بعد ازاں مجلس سوال وجواب ہوئی۔

جلسہ سالانہ کا تیسرا دن

صبح 8 بجے جلسہ سالانہ کے آخری دن کے اجلاس کی صدارت محترم امیر صاحب نائیجیریا نے کی۔ اجلاس کی کارروائی کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔

قصیدہ کے بعد اس اجلاس میں ایک ہی تقریر تھی جو مکرم الحاجی عبدالعزیز صاحب نائب امیر ساؤتھ ویسٹ نے کی جس کا عنوان تھا۔ "LOVE FOR ALL, HATRED FOR NONE" اس تقریر کے بعد اس اجلاس کے مہمان خصوصی یونیورسٹی آف الورین کے وائس چانسلر مکرم پروفیسر عبدالغنی حنبلی صاحب نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ بعد ازاں مکرم امیر صاحب نائیجیریا نے اختتامی کلمات کہے۔

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا قادیان دارالامان کے جلسہ سالانہ سے آخری دن کے اختتامی خطاب کو براہ راست مردانہ اور زنانہ جلسہ گاہ میں دکھانے اور سنوانے کا انتظام کیا گیا اور حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی جلسہ سالانہ قادیان کی اختتامی دعا کے ساتھ ہی جماعت احمدیہ نائیجیریا کا 63 واں جلسہ سالانہ اپنے اختتام کو پہنچا۔ اس جلسہ کی حاضری 49 ہزار 246 رہی۔ اس جلسہ میں 5 ممالک گھانا، ریپبلک آف بینن، اکٹوریل گنی، کیمرون اور چاڈ کے وفود نے شرکت کی۔ جلسہ سالانہ کے موقعہ پر لجنہ جلسہ گاہ میں تمام پروگرام براہ راست دکھانے کا بھی انتظام کیا گیا۔

جلسہ سالانہ کے دوران مجلس خدام الاحمدیہ نائیجیریا کی طرف سے ''جلسہ ریڈیو'' کا بھی انتظام کیا گیا تھا جس کے ذریعہ سے تمام جلسہ کی کارروائی براہ راست انگریزی، ہاؤسا اور یوروبا زبانوں میں نشر ہوتی رہی۔ جلسہ کی کارروائی کے بعد ان تین زبانوں کے علاوہ فرنچ اور عربی زبانوں میں بھی براہ راست پروگرام نشر کئے جاتے رہے۔ نیز اس ریڈیو کی رینج ''الاروٹاؤن'' تک تھی۔ اس ریڈیو کے ذریعہ بھی غیر از جماعت احباب کی ایک کثیر تعداد کو اس جلسہ کی کارروائی سے استفادہ کی توفیق ملی۔

